مشن

"تبلیغ کریں" پادریوں کے لیے عالمی پناہ گاہ کا موضوع

پادریوں کا دوسرا عالمی پناہ گاہ (SECOND WORLD RETREAT) 14 سے 18 ستمبر 1990 تک ویٹیکن سٹی کے پال ہشتم ہال میں منعقد ہوگی۔ جس میں پادری کی اوّلین ذمہ داری "تبلیغ کریں" کے موضوع پر سوچ بچار کیا جائے گا۔ اس موضوع کے تحت پروگرام یہ ہے کہ پوپ جان پال دوئم کی اپیل "2000 سن عیسوی کے پیش نظر ایک نئی تبلیغ" پادریوں تک پہنچائی جائے۔ جن کی ہزار تک کی تعداد میں اس "پناہ گاہ" میں شرکت متوقع ہے۔ وسطی اور مشرقی یورپ کے پادریوں کا پہلی دفعہ انتظار کیا جا رہا ہے۔ امید ہے کہ چیکوسلواکیہ، ہنگری، مشرقی جرمنی، بلغاریہ، رومانیہ، پولینڈ، لتھوانیا، لٹونیا اور روس سے 300 جبکہ صرف چیکوسلواکیہ سے 100 پادری "پناہ گاہ" میں شریک ہوں گے۔

(انٹرنیشنل فائنڈز سروس)

مشرقِ وسطیٰ

عیسائی اور مشرقِ وسطیٰ

گریزن (نیویارک- ریاست ہائے متحدہ امریکہ) کے گرے مور اکومینیکل انسٹیٹوٹ کی طرف سے ایک نیوز لیٹر اکومینیکل ٹرینڈز میں چھپا، جسے اکومینیکل پریس سروس نے جاری کیا۔ مضمون کا ایک اقتباس یہاں شائع کیا جا رہا ہے۔

یہودیوں اور عیسائیوں کے درمیان اکومینیکل مکالمہ، جسے ہم کم از کم دوسری ویٹیکن کونسل کے وقت سے جانتے ہیں ختم ہوگیا ہے۔ مختصراً اسے یوں بیان کیا جا سکتا ہے کہ مکالمہ تعطل کا شکار ہوا ہے۔ اور اس تعطل کو صرف دیانتداری کے ذریعے ہی دور کیا جا سکتا ہے۔ جس کا اس سے